سوال

(166)اسلام میں نوحہ سننا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میرا سوال ہے کہ کیا اسلام میں نوحے سننا حرام ہے یا نہیں قرآن وسنت سے رہنمائی فرمائیں ۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

شیخ بن باز رحمہ اللہ کا کہنا ہے کہ نوحہ کرنا اور سننا دونوں کام حرام ہیں ۔ نوحہ کرنے کی حرمت کے بارے تو بہت سی روایات مروی ہیں اور نوحہ سننے کی ممانعت کے بارے مروی روایت سند کے اعتبار سے قوی نہیں ہے اگرچہ اس کا متن اور مضمون اپنے شواہد کے سبب سے معتبر ہے ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے

حدیث

جلد2 کتاب الصلوۃ